سید ابوالحسن ندوی، مولانا گوہر رحمن، مولانا جلال الدین عمری، علامہ زاہد الرشدی، سید عارف شیرازی کے مقالات شامل ہیں۔ ان رسائل کا یہ فائدہ ضرور ہونا چاہیے کہ مدرسے کے استاد اور طلبہ جدید مسائل پر تحقیق کر کے عام فہم انداز سے لکھیں۔]

◉ دوماہی سربکف ، مدیراعلیٰ: منظر عارفی۔ پتا: سربکف، پوسٹ بکس ۲۷۴۲، کراچی۔ صفحات: ۱۶۸۔ قیمت: (خاص نمبر) ۸۰ روپے۔ [سیرت پر متعدد اچھی تحریروں کا مجموعہ۔ لکھنے والوں میں مولانا مودودی، نعیم صدیقی، اسعد گیلانی، پروفیسر خورشید احمد اور خالد علوی صاحبان شامل ہیں، نیز ہر صفحے پر معروف شعرا کے اشعار۔]

◉ **آزادی نسواں، زوالِ نسواں**، ڈاکٹر جاوید اقبال (ہومیو)۔ ناشر: علم و عرفان پبلشرز، ۳۴- اُردو بازار، لاہور۔ فون: ۷۲۳۲۳۳۶۔ صفحات: ۱۸۳۔ قیمت: ۱۵۰ روپے (مجلد)۔ [مؤلف نے دینی غیرت کے جذبے سے اس منفی پروپیگنڈے کا جائزہ لیا ہے جس کے تحت مسلمان خواتین کی بدحالی کی خودساختہ داستانوں کی تشہیر کی جاتی ہے۔ چار ابواب: عورت اور مذاہب عالم، عورت اور معاشرتی زندگی، عورت اور اسلامی احکام، آزادیِ نسواں یا زوالِ نسواں —— میں ان مباحث کو سمیٹا گیا ہے۔]

◉ **Islam , Essence and Spirit**، محمد زبیر فاروقی۔ ناشر: دعوہ اکیڈمی، انٹرنیشنل اسلامک یونی ورسٹی، اسلام آباد۔ صفحات: ۱۰۰۔ قیمت: ۷۰ روپے۔ [بنیادی اسلامی عقائد کا فلسفہ۔ ہر لحظہ بدلتی دنیا میں توحید، رسالت، آخرت کے تصورات، مستحکم خاندانی نظام اور نظامِ معاشرت میں اخلاقیات کی غرض و غایت۔ علمِ وحی اور اکتسابی علم نے انسانیت کے لیے کون سے راستے کشادہ کیے ہیں۔ بے خدا تہذیب اور معیشت و معاشرت نے کیا گل کھلائے، ان موضوعات پر قلم اٹھایا گیا ہے۔ انگریزی دانوں کے لیے اسلام کا ایک مؤثر تعارف۔]

توجہ فرمائیے

دفتری استعمال کے لیے ادارے کا موبائل نمبر 0307-4112700 ہے

براہ کرام اپنی شکایت/ پیغام مندرجہ بالا نمبر پر ایس ایم ایس (SMS) کیجیے

☆ شکایت/ پیغام سے پہلے اپنے خریداری/ ایجنسی نمبر سے ضرور مطلع فرمائیے۔
☆ آپ سے درخواست ہے کہ بہتر خدمت کے لیے اپنے ای میل ایڈریس اور موبائل نمبر سے بھی ادارے کو آگاہ فرمائیے۔

جنرل مینیجر ماہنامہ ترجمان القرآن 5-اے، ذیلدار پارک، اچھرہ، لاہور
فون: 042-7065765, 7587916 فیکس: 042-7585590
ای-میل: tarjumanq@wol.net.pk, tarjuman@tarjumanulquran.org